تم پہ فدا کیوں نہ ہو شمس و قمر اے میاں
سیف ہدی کے ہو تم نورِ نظر اے میاں

خالق اکبر تمہیں رکھے سلامت سدا
جیسے ہو تم ، ایسے تھے جدو پدر اے میاں

دل ہوا آشفتہ[1] جو صورت بلبل اے گل[2]
دیکھکے طلعت تیری رشک[3] قمر اے میاں

واہ رے لہجہ تیرا واہ ادا اور حیا[4]
رشک پری ہے و یا حور اثر اے میاں

واہ شباہت[5] تیری واہ ملاحت[6] تیری
واہ رے ہمت تیری واہ جگر اے میاں

---

[1] آشفتہ–پریشان

[2] گل–پھول

[3] رشک–جربیجانے ملوچھے اهنوشوق کرؤو

[4] حیا– شرم ،لحاظ ، غیرۃ

[5] شباہت–رونق ،روپ ، شکل وصورت

[6] ملاحت –خوبصورتي

اپنا گلا[1] کیا کریں دل نہیں لگتا کہیں
دھیان تمہارا ہی ہے آٹھو پہر[2] اے میاں

علم کا کوثر تیرا بہتا ہے صبح و مسا
کیوں نہ فدا تم پہ ہو جن و بشر اے میاں

برسرِ بستان گر سیر کو آئے وہ گل
جھکتے ہیں تسلیم کو شاخ[3] و شجر اے میاں

تم ہو گل یاسمین برسرِ باغ یقیں
نخل پہ ایمان کے تم ہو ثمر اے میاں

ظلِ خدا میں تمہیں رکھے خدا بارہا[4]
سر پہ ہو سایہ تیرا آٹھو پہر اے میاں

شاد رہے شاہ دیں حق سے دعا ہے یہی
مدح گو زینت یہ ہے خادم در اے میاں

---

[1] گلا–شکایۃ

[2] آٹھو پہر–دن رات ، ہر گھري

[3] شاخ–ڈالي

[4] بارہا– اکثر–ہمیشہ

١ . **دل ہوا آشفتہ جو.....** - صورۃ بلبل سي غرض مدح كرنار صاحب نا ذات ني چھے ، انے گل سي غرض جر مولى ني اپ مدح كرے چھے اهنے خطاب كرے چھے ،
تو مفهوم ير چھے كہ اصورۃ بلبل (مارى ذات) اگر مولى ني طلعة مباركة جرنا نور پر چاند نے بهي رشك اوے چھے اهنے ديكهي نے حيرة زده تهائي تو اهما سوں عجب چھے .

٢ . **بر سر بستان.....** 'ابستان ني سير واسطے جو اگل (ممدوح ني كناية پهول سي كيدي چھے) اوے تو ا بستان نا تمام شجر انے ڈاليو اپنے تسليم واسطے جهكي جائي .

٣ . **واہ رے لہجہ تیرا.....** عجب اپ نا بيان نو لهجة انے عجب اپني اداء چھے انے اپني حياء تو اهوي چھے كہ جرنا پر آسمان ما پري نے رشك اوے يا كہ ير حياء حور العين نا اثر ما سي چھے ، حور العين ني حياء ني مثل چھے ؟ .